## سوال

(530) مؤذن کی متابعت اور پھر تحیۃ المسجد

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب انسان مسجد میں داخل ہو اور مؤذن اذان کہہ رہا ہو تو کیا اذان ختم ہونے سے پہلے نماز پڑھی جا سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

افضل یہ ہے کہ مؤذن کی اذان کا جواب دے پھر مسنون دعاء پڑھے اور پھر تحیۃ المسجد شروع کرے مگر بعض علماء نے اس شخص کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے جو جمعہ کے دن مسجد میں اس وقت آئے جب مؤذن اذان کہہ رہا ہو تو وہ خطبہ سننے کی وجہ سے تحیۃ المسجد پڑھ سکتا ہے۔ اور اس کا سبب علماء نے یہ بتایا کہ خطبہ سننا واجب ہے۔ اور مؤذن کا جواب دینا واجب نہیں ہے۔ (شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

## صفحہ نمبر 435

## محدث فتویٰ